کینٹونمنٹ بورڈ لاہور کینٹ

نوٹس برائے لکڑی نیلام

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ CB نرسری کینٹونمنٹ بورڈ لاہور میں جمع شدہ مختلف اقسام کی لکڑی کے ٹکڑوں کا نیلام عام جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر مورخہ: 09-اگست-2022ء بوقت 02:00 بجے دفتر کینٹونمنٹ بورڈ لاہور میں کر رہا ہے۔ خواہشمند حضرات اس سنہری موقع سے فائدہ اُٹھائیں۔

شرائط نیلامی:-

1۔ نیلام میں حصہ لینے سے قبل اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی۔

2۔ بولی شرائط پڑھ کر سمجھ کر مکمل آگاہی / دریافت اور ہر غلط فہمی بولی سے قبل دور کر کے مکمل ذمہ داری سے دیں۔

3۔ بوقتِ بولی کوئی عذر / اعتراض قابلِ غور نہ ہوگا۔

4۔ نیلامی میں حصہ لینے والا ہر خواہشمند مبلغ -/100,000 بطور زرضمانت بصورت کال ڈیپازٹ قبل از بولی جمع کرائے گا۔ جو کہ بولی کے بعد کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ تمام حضرات کو واپس کر دیئے جائیں گے۔ نقد / کیش کی صورت قابل قبول نہ ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی فوری طور پر بولی کی رقم کا ایک چوتھائی (1/4) موقع پر جمع کرانا ہوگا۔

6۔ بصورتِ دیگر دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ بولی دینے والے کو یہ پیشکش کی جائے گی۔ کامیاب بولی دہندہ کی ناکامی کی صورت میں اس کی "Offer" کے قریب ترین بولی دہندہ کو پہلی "Highest Bid" پر لکڑی اُٹھانے کی پیشکش کی جائے گی۔ واضع رہے کہ موقع پر مذکورہ بالا بولی کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرِضمانت بحق کینٹونمنٹ بورڈ لاہور ضبط کر لیا جائے گا۔

7۔ بولی کی حتمی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر بولی کی رقم کا بقیہ تین چوتھائی (3/4) حصہ بمعہ واجب الادا انکم ٹیکس جمع کرانا لازم ہوگا۔ بصورتِ دیگر پہلے سے ادا شدہ رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

8۔ بولی کی حتمی منظوری کینٹونمنٹ بورڈ کے تابع ہوگی۔ کینٹونمنٹ بورڈ کو اختیار حاصل ہے کہ وہ بمطابق پیپرا قواعد تمام بولیوں کو (قبل از منظوری) مسترد کر دے۔

9۔ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کیلئے متعلقہ شخص کی طرف سے تحریری مختارنامہ اور شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی مہیا کرنا ہوگی۔

10۔ کینٹونمنٹ بورڈ کے نادہندہ کو بولی میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہے۔

11۔ کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق ٹیکسز دینے کا پابند ہوگا۔

12۔ بولی کی حتمی منظوری بورڈ / مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔

13۔ کامیاب بولی دہندہ کی جمع شدہ سیکورٹی نیلام کردہ لکڑی کے اطمینان بخش اُٹھائے جانے کے بعد واپس کی جائے گی۔

نوٹ:۔ مقررہ تاریخ پر کسی وجہ سے بولی کے عدم انعقاد یا مسترد ہونے کی صورت میں مورخہ: 10-اگست-2022ء کو دوبارہ بولی ہوگی۔ اور اگر اس تاریخ کو بھی بولی نہ ہوئی تو پھر مورخہ: 11-اگست-2022ء کو دوپہر 02:00 بجے بولی ہوگی۔ اور اس بارے کوئی علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔ دیگر شرائط وضوابط اور معلومات کیلئے دفتری اوقات کار میں دفتر ہذا سے مندرجہ ذیل فون نمبر: 042-99223002 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

لاہور کینٹ۔